معاوضہ مظلومین اور سرکاری دعووں سے متعلق کیلیفورنیا (California) بورڈ

بیانِ حقائق

شعبۂ امورِ عامہ و اطلاعات

پروگرام نفرت اور تعصب کے جرائم کی مظلومین کی مدد کرنا ہے۔

ریاستہائے متحدہ پر حالیہ ترین حملوں کے نتیجے میں عرب امریکنوں، مسلم امریکنوں، مشرقی وسطی کی نسلوں کے لوگ اور دیگر افراد کے خلاف پرتشدد اقدامات اور موت کی دھمکیوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ یہ حملے ناجائز اور گمراہی پر مبنی ہیں اور معاوضۂ مظلومین اور سرکاری دعوؤں سے متعلق بورڈ ان حملوں کی مذمت کرنے میں پورے ملک کے رہنماؤں کے ساتھ شریک ہے۔

معاوضۂ مظلومین پروگرام کیلی فورنیا کے ہر اس شہری کو مالی باز ادائیگی کی فراہمی کے لیے دستیاب ہے جو نفرت یا تعصب کے جرم کے نتیجے میں زخمی ہو یا جسے زخمی ہونے کا خطرہ لاحق ہو۔

قریبی افرادِ خاندان (والدین، بہن، بھائی، شریکِ حیات، بچے، مظلوم کا/کی منگیتر کو بھی اگر وہ جرم کا شاہد ہو ان اخراجات کی باز ادائیگی کی جاسکتی ہے جو انھوں نے تشدد کا نشانہ بننے پر برداشت کیے ہوں۔ جرم کے وقت مظلوم کے گھر میں مقیم فرد یا وہ شخص بھی جو مظلوم کے ساتھ کم از کم دو سال تک ایک شریکِ حیات، بچہ، والدین یا مظلوم کے بھائی بہن جیسے رشتے دار کے ساتھ رہتا رہا ہو اس امداد کا مستحق ہے۔

قابلِ ادائیگی اخراجات میں مندرجہ ذیل مدیں شامل ہیں:

- منتقلی/ رہائش کی تبدیلی کے اخراجات (مظلوم کا اپنے گھر سے منتقل ہونا ضروری ہے)
- گھریلو حفاظتی تنصیب یا بہتر انتظام (کسی گھر کے حفاظتی انتظام کو بہتر بنانا)
- ذہنی صحت کا علاج یا مشاورت مظلوم اور اس کے افرادِ خاندان کو دستیاب ہے
- مظلوم کے لیے طبی دانت کے علاج کے اخراجات
- کوئی ضرر پہنچنے پر اجرت کا نقصان
- فوت ہو جانے پر یا معذور ہو جانے والے مظلومین کے لیے سہارے سے محرومی
- جنازے اور/ یا تدفین کے اخراجات

منتقلی اور تبدیلیٔ رہائش یا مکان کی حفاظت کے اخراجات کی تکمیل کے لیے مالی اعانت اس شرط پر دستیاب ہے کہ قانون نافذ کرنے والا ادارہ یا ذہنی صحت کا فراہم کنندہ یہ تصدیق کرے کہ یہ اخراجات مظلوم کی حفاظت اور ذہنی بہبود کے لیے لازمی ہیں۔

کسی بچے کے والدین یا سرپرست جو کسی جرم کے نتیجے میں اسپتال میں زیرِ علاج ہوں یا مارے گئے ہوں اسے 30 دن کی اجرت کے نقصان کی تلافی کے لیے باز ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

کفالت کے نقصان کی باز ادائیگی قانونی طور پر انحصار کرنے والے بالغ فرد/ شریکِ حیات کے لیے زیادہ سے زیادہ پانچ سال اور نابالغ کے لیے اس کی اٹھارویں سالگرہ تک کے لیے کی جائے گی۔ کسی ایک جرم کے نتیجے میں تمام غیر حقیقی مظلومین کو قابلِ ادائیگی مجموعی رقم 70,000 ڈالر سے زیادہ نہیں ہوسکتی۔

انفرادی درخواست کنندگان کو زیادہ سے زیادہ 70,000 ڈالر کی مجموعی ادائیگی دستیاب ہوسکتی ہے۔

مظلومین اور ان کے افرادِ خاندان مزید معلومات اور امداد کے لیے درخواست فارم حاصل کرنے کے لیے مفت ہاٹ لائن 1-800-777-9229 پر فون کرسکتے ہیں۔ یہ سہولت عام زبانوں میں دستیاب ہوسکتی ہے۔ سماعت سے معذور افراد براہِ کرم کیلیفورنیا ریلے سروس (California Relay Service) کو 800-735-2929 پر فون کریں۔

دونوں مفت لائنیں صبح 7 بجے سے رات 9 بجے تک کھلی رہتی ہیں۔ ان لائنوں پر سنیچر اور اتوار کے دنوں میں صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک عملے کا کوئی فرد موجود ہے گا۔